نمبر/ 7694-7726 / سی ای /ای /ڈیزائن/2024

آزاد حکومت ریاست جموں و کشمیر

دفتر چیف انجینئر برقیات مظفر آباد

مورخہ/ 2 / 8 /2024

## حکــــــم:-

محکمہ برقیات آزاد کشمیر میں ڈیپازٹ ورکس کے تحت ہونے والے کاموں کے لیے بذیل پالیسی/SOPs جاری کی جاتی ہے۔

ا۔ ڈیپازٹ ورکس کے تحت 10 کلوواٹ یا اس سے زیادہ لوڈ کے کمرشل اور انڈسٹریل صارفین کو Dedicated ٹرانسفارمر کے ذریعہ بجلی فراہم کی جائے گی۔

۲۔ ایسے گھریلو صارفین جن کا مجموعی لوڈ 20 کلوواٹ یا زائد ہو، کو Dedicated ٹرانسفارمر کے ذریعہ ہی بجلی فراہم کی جائے گی۔

۳۔ پلازہ جات کو کنکشن فراہم کرنے کے لیے Dedicated ٹرانسفارمر نصب کروانا ضروری ہوگا۔ ٹرانسفارمر کمرشل/انڈسٹریل اور گھریلو صارفین کے مجموعی لوڈ کے مطابق نصب ہوگا۔

۴ کنکشن فارم (CP-2) AAA Abridged Conditions کی شق نمبر 8 کے مطابق ڈیپازٹ ورکس کے تحت جو بھی سامان محکمہ کے نیٹ ورک میں نصب ہوگا وہ محکمہ کی پراپرٹی ہوگا۔

۵ پہلے سے موجود کسی بھی قسم کے Infrastructure (از قسم HT, LT لائینز و ٹرانسفارمرز) کی دوسری جگہ منتقلی بھی بخلاف ڈیپازٹ ورکس ہوگی۔

۶ ڈیپازٹ ورکس کے ایسے کیسز جن میں درخواست گزار کو سپلائی مہیا کرنے کے لیے محکمہ کو نیا فیڈر یا گرڈ میں (Extention) درکار ہو تو یہ اضافی لاگت ڈیپازٹر جمع کروانے کا پابند ہوگا۔

۷ ڈیپازٹ ورکس کاموں کے خلاف سامان شفٹنگ و دیگر منظوریوں کا اختیار دفتر چیف انجینئر برقیات کو ہی حاصل ہوگا۔

Chief Programmer 1/8/2024

### طریقہ کار:-

ا۔ صارف بطور ڈیپازٹ ورکس بجلی کی فراہمی کے لیے درخواست متعلقہ برقیاتی سب ڈویژن میں جمع کروائے گا۔ درخواست کے ہمراہ شناختی کارڈ کی مصدقہ نقل اور بیان حلفی" جس میں کنکشن کا مقصد، Right of Way کی ذمہ داری، مکمل ایڈریس اور موبائل نمبر کا اندراج ہو " شامل کرنا ہوگا۔ (نمونہ درخواست و بیان حلفی منسلک ہے)

R 382 07-08-2024

۲۔ متعلقہ برقیاتی سب ڈویژن صارف کی درخواست وصول کرنے کے بعد GIS Coordinates کے ساتھ نقشہ مرتب کرے گا۔ نقشہ میں ڈیپازٹ ورکس سے متعلقہ نصب ہونے والے سامان کا اندراج (مکمل BOQ) تفصیل کے ساتھ کرنا ہوگا نیز نقشہ پر صارف کا متوقع لوڈ اور ٹیرف بھی درج کرتے ہوئے کیس برقیاتی اوپریشن ڈویژن کو ارسال کیا جائے گا۔

۳۔ میٹر سیکورٹی کی رقم صارف کی طرف سے ڈیمانڈ کردہ لوڈ کے مطابق یا اگر لوڈ کا اندراج نہ ہوا تو ایسی صورت میں ٹرانسفارمر کی استعداد کے کم از کم 80 فیصد لوڈ کے مطابق تخمینہ میں شامل ہوگی۔ لوڈ کے حتمی تعین ہونے پر سیکورٹی کی رقم میں درستگی ممکن ہوگی۔

۴۔ برقیاتی اوپریشن ڈویژن، سب ڈویژن سے موصولہ نقشہ کی پڑتال کے بعد ڈویژن کی سطح سے صرف میٹریل لسٹ (بغیر رقم تخمینہ) مرتب ہوگی اور اصل کاغذات کے ہمراہ مکمل کیس سرکل آفس کو ارسال کیا جائے گا۔

۵۔ ناظم برقیات ڈویژن سے موصولہ نقشہ و میٹریل لسٹ سرکل کی سطح سے پڑتال کرتے ہوئے بعد از دستخط ظہری مکمل کیس ہمراہ اصل کاغذات مرکزی دفتر کو ارسال کریں گے۔

۶۔ نظامت برقیات سے مرکزی دفتر کو ڈیپازٹ ورکس کا کیس موصول ہونے ڈائریکٹری ایم اینڈ او/عملدرآمد نقشہ و میٹریل لسٹ کی پڑتال کروائیں گے، اعتراض کی صورت میں اصل کیس واپس کردیا جائے گا اور کیس مکمل ہونے کی صورت میں ڈائریکٹوریٹ انونٹری کنٹرول/سٹور ڈویژن سے مطلوبہ سامان کی دستیابی سے متعلق رپورٹ حاصل کی جائے گی۔

۷۔ ڈائریکٹوریٹ انونٹری کنٹرول/سٹور ڈویژن کی جانب سے جملہ سامان کی دستیابی کی صورت میں ڈیمانڈ نوٹس میں درج ازراخ حتمی تصور ہونگے جبکہ سامان کی عدم دستیابی کی صورت میں ڈیمانڈ نوٹس کے ازراخ Tentative ہونگے اور سامان کی خرید کے بعد نظر ثانی تخمینہ کے مطابق ڈیپازٹر کو مزید فنڈز فراہم کرنے ہونگے۔

۸۔ ڈیمانڈ نوٹس صارف کو دفتر چیف انجینئر برقیات سے براہ راست اجراء ہوگا جس کی معیاد (Validity) 30 ایام ہوگی۔

۹۔ اندر معیاد ڈیمانڈ نوٹس مطابق تخمینہ رقم داخل خزانہ سرکار نہ ہونے کی صورت میں متعلقہ صارف/ادارہ کو دوبارہ متعلقہ ڈویژن کے ذریعہ تحریک کرنا ہوگی، دوبارہ کیس مرتب کروانے کی صورت میں تخمینہ لاگت کا 5 فیصد بطور سرچارج تخمینہ میں شامل کیا جائے گا۔

۱۰۔ سرکاری ادارہ جات جو ڈیپازٹ ورکس کے خلاف تخمینہ جات بسلسلہ مرتبگی ترقیاتی سکیم حاصل کرتے ہیں، ایسے تخمینہ جات Tentative مرتب ہوں گے جس میں مطابق مروجہ Escalation کی رقم شامل کی جائے گی۔

۱۱۔ ڈیمانڈ نوٹس جاری ہونے کے بعد متعلقہ صارف/ادارہ تخمینہ کے مطابق رقم بذریعہ بنک ڈرافٹ یا بذریعہ چالان خزانہ سرکار (اکونٹ نمبر 101) میں جمع کروا کر AG آفس سے تصدیق شدہ اصل چالان مرکزی دفتر کو فراہم کرے گا۔

۱۲۔ مرکزی دفتر میں بنک ڈرافٹ اور چالان کی وصولی کے بعد انتظامی حکم جاری ہوگا جس کے بعد سٹور ڈویژن تحت ضابطہ متعلقہ ڈویژن کو سامان جاری کرے گا۔

۱۳۔ اوپریشن ڈویژن ھا انتظامی منظوری جاری ہونے کے بعد جلد از جلد موقع پر کام کی تکمیل کروائیں گے اگر کام کی تکمیل میں کوئی رکاوٹ ہو تو تحت ضابطہ بالا دفتر کو بروقت مطلع کریں گے۔

۱۴۔ کریڈٹ کی واگزاری کی ذمہ داری سٹور/متعلقہ اوپریشن ڈویژن کی ہوگی۔ کریڈٹ واگزاری میں تاخیر قابل مواخذہ ہوگی۔

693 14 Urdu Data

CS CamScanner

۱۵۔ ٹرانسپورٹیشن چارجز HT/LT لائن کے تخمینہ کا 10 فیصد اور ٹرانسفارمر/میٹرز کے تخمینہ کا 7 فیصد ہونگے۔

۱۶۔ Contingent/Over Head چارجز مجموعی تخمینہ کا 3.5 فیصد کے برابر ہونگے۔

۱۷۔ صارف جاری شدہ ڈیمانڈ نوٹس کے مطابق یکمشت ادائیگی کرنے کا پابند ہوگا۔

۱۸۔ ڈیمانڈ نوٹس مرکزی دفتر سے جاری ہوگا کوئی بھی ڈویژن اپنے طور پر صارف/ادارہ کو ڈیمانڈ نوٹس جاری کرنے کا مجاز نہ ہوگا۔

**شرائط پرائیوٹ پرچیز۔**

۱۔ جملہ سامان بجلی بشمول ٹرانسفارمر (200KVA,100KVA,50KVA,25KVA,15KVA,10KVA) جو کہ بالعموم محکمہ کے ذریعہ خرید کیا جاتا ہے کے لیے پرائیوٹ خرید کے لیے NOC کی اجرائیگی نہ ہوگی البتہ 400KVA اور بالا Capacity کے ٹرانسفارمر مرکزی سٹور میں موجود نہ ہونے کی صورت میں تحت ضابطہ بعد از حصول NOC پرائیوٹ پرچیز کیے جاسکیں گے۔

۲۔ پرائیوٹ پرچیز کی صورت میں ٹرانسفارمر کی انسپکشن کے لیے انسپکشن فیس کم از کم -/60000 روپے یا تخمینہ لاگت کا 2.50 فیصد میں سے جو بھی زائد ہو شامل تخمینہ کیا جائے گا۔

درج بالا پالیسی/SOPs فوری طور پر نافذ العمل ہونگے اور قبل ازیں دفتر ہذا سے جاری شدہ ڈیپازٹ ورکس سے متعلقہ SOPs منسوخ تصور ہونگی۔

چیف انجینئر برقیات
مظفرآباد

نقل بالا بخدمت:۔

۱۔ پرائیوٹ سیکرٹری ہمراہ جناب سیکرٹری توانائی و آبی وسائل آزاد حکومت ریاست جموں وکشمیر برائے اطلاع ارسال خدمت ہے۔
۲۔ چیف انجینئر صاحب برقیات میرپور برائے اطلاع۔
۳۔ ڈائریکٹر جنرل صاحب کمرشل برقیات مظفرآباد برائے اطلاع۔
۴۔ ڈائریکٹر جنرل صاحب ٹیرف، سرویلنس برقیات مظفرآباد برائے اطلاع۔
۵۔ ڈائریکٹر صاحب سی ایم اینڈ او/پلاننگ اینڈ مانیٹرنگ/انونٹری کنٹرول/انسپکشن برقیات مظفرآباد/عملدرآمد میرپور برائے اطلاع۔
۶۔ ناظم صاحب برقیات سرکل مظفرآباد/راولاکوٹ/کوٹلی/میرپور برائے اطلاع۔
۷۔ ڈائریکٹر صاحب آئی ٹی برقیات مظفرآباد برائے تشہیر محکمانہ Website۔
۸۔ جملہ مہتمان برقیات اوپریشن ڈویژن ہا (نارتھ/ساؤتھ ریجن) برائے اطلاع و کارروائی مرسلہو۔
۹۔ مہتمم صاحب برقیات سٹور ڈویژن مظفرآباد/میرپور برائے اطلاع و کارروائی مرسلہو۔

چیف انجینئر برقیات
مظفرآباد

تصدیق شدہ نوٹری پبلک

## بیان حلفی

۱۔ مظہر حلفاً بیان کرتا ہے کہ بطور ڈیپازٹ ورکس فراہمی بجلی کے لیے محکمہ برقیات کے مکمل قواعد ضوابط پر عملدرآمد کا پابند رہے گا۔

۲۔ مظہر بجلی کا کنکشن اپنے پلازہ / مکان/ فیکٹری/ کرش پلانٹ / بنک وگیر ------------------مقصد کے لیے حاصل کرنا چاہتا ہے۔

۳۔ (Right of Way)ROW کی مکمل ذمہ داری مظہر کی ہوگی۔

۴۔ مطابقاً تخمینہ مظہر فنڈز جمع کروائے گا نیز کنکشن اجرائیگی کے بعد ماہانہ بل داخل خزانہ سرکار کروانے کا پابند ہوگا۔

۴۔ مظہر کا مکمل ایڈریس------------------------ہے۔

۵۔ مظہر کا شناختی کارڈ نمبر------------------------ہے۔

۶۔ مظہر کا موبائل نمبر------------------ہے۔

العبد

69114 Urdu Data

CamScanner

# بخدمت جناب نائب مہتمم برقیات اوپریشن سب ڈویژن----------

عنوان:۔ درخواست بمراد فراہمی بجلی--------------بذریعہ ڈیپازٹ ورکس۔

جناب عالی!

گزارش خدمت ہے کہ نیاز مند موضع----------میں اپنے پلازہ/مکان/فیکٹری/کرش پلانٹ ودیگر کاموں کے لیے بطور ڈیپازٹ ورکس بجلی کا کنکشن حاصل کرنا چاہتا ہے۔ جسکا لوڈ تقریباً----------کلوواٹ ہے۔

بمہربانی موقع کے مطابق نقشہ و تخمینہ مرتب کرتے ہوئے تخمینہ لاگت سے نیاز مند کو آگاہ کیا جائے تاکہ نیاز مند فنڈز ڈیپازٹ کروا سکے۔

العارض

نام--------------

ولدیت-------------

شناختی کارڈ نمبر-------------

ایڈریس----------------

---------------------

موبائل نمبر------------------

CamScanner